کرنے والے پر اب ہم سمیت تمام عالم اسلام تعزیت کنندہ ہے )۔

جسکی ہر سطر اور ہر حرف سے خلوص و محبت کی خوشبو مہکتی ہے۔ اس سے آپ کا حضرت شیخ الحدیثؒ کے خاندان اور حضرت والدصاحب مدظلہ کے ساتھ والہانہ تعلق کا اندازہ ہوتا ہے وہ مکتوب بطور تبرک یہ نذر قارئین ہے:

الاخ فی اللہ المحترم المکرم المفخم فضیلۃ الشیخ مولانا ولولانا سمیع الحق زیدمجدھم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔۔۔۔۔ اما بعد!

المرام اینکہ جناب کی ہمشیرہ محترمہ کی وفات حسرت آیات کی خبر سن کر بڑا دکھ اور افسوس ہوا۔

( اناللہ واناالیہ راجعون) اللہ عزوجل مرحومہ کی قبر کو ریاض الجنۃ بنائے اور اسے جنت الفردوس نصیب فرمائے۔ ( آمین ثم آمین ) اور آپ حضرات کو اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطافرمائے اور مستقبل میں ہمہ قسم آفات وبلایا سے محفوظ رکھے۔ (آمین) طلبہ دورہ حدیث شریف سے آپ کا نام لیکر مرحومہ کی ایصال ثواب کیلئے کچھ تلاوت قرآن کروائی گئی اور مرحومہ کی مغفرت ودرجات کی ترقی کے لئے مجموعی واجتماعی طور پر دعا مانگی گئی۔ وفات کے ابتدائی ایام میں آپ سے فون پر کئی مرتبہ رابطہ کی کوشش کی گئی مگر کامیابی نہ ہوسکی۔ ایک مرتبہ آپ کے صاحبزادے سے رابطہ ہوسکا۔ میرے کہنے پر پسرم عبدالرحمن نے آپکے بیٹے سے میری طرف سے گفتگو کی بسلسلہ تعزیت۔ اس سے بھی درخواست کی گئی تھی کہ وہ آپ تک میرا سلام وتعزیت پہنچائے۔ امید ہے کہ وہ پہنچا چکا ہوگا۔ فون پر گفتگو کو کافی سمجھتے ہوئے جلدی رسالہ تعزیت ارسال نہ کرسکا۔ امید ہے کہ تاخیر معاف فرمائیں گے آپ سے قلبی حب فی اللہ واللہ ہے۔ وقتاً فوقتاً دعا بھی آپ کے لئے اور بچوں کے لئے کرتا رہتا ہوں۔ آپکی خدمات قومیہ دینیہ علمیہ بہت زیادہ ہیں آپ جیسے علماء کرام، صلحاء مخلصین، مجاہدین کی مجاہدانہ خدمات کی برکت سے چمنستان اسلام وگلستان علم سرسبز وشاداب ہے۔ اللہ تعالیٰ آپکو باعافیت رکھے اور زیادہ سے زیادہ خدمات دینیہ وعلمیہ کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین

آپ سے دعا کی درخواست ہے۔ والسلام: فقیر محمد موسیٰ عفی عنہ۔ جامعہ اشرفیہ، لاہور

---

## کوسوو میں خون مسلم کی ارزانی، یورپ اور عالم اسلام کی خاموشی

سرب درندوں کے ہاتھوں کچھ عرصہ پہلے بوسنیا میں خون مسلم سے ہولی کھیلی گئی اور جب اس پر ان درندوں کے خلاف یورپ، امریکہ اور عالم اسلام نے کوئی سنجیدہ ایکشن نہیں لیا تو انہوں نے گذشتہ